MACMILLAN CANCER SUPPORT

Help with costs when you have cancer: Urdu

# اگر آپ کو کینسر ہے تو آپ کے لئے اخراجات میں مدد

اگر آپ کو کینسر ہے تو یہ معلومات آپ کے لئے اخراجات میں مدد کے بارے میں ہے۔ یہ احاطہ کرتی ہیں:

- ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں مدد
- نسخہ جات اور صحت کے دیگر اخراجات میں مدد
- والدین کے لیے اسپورٹ
- گرانٹ اور قرضے
- میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے
- آپ کی زبان میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکرات

ہمیں امید ہے کہ اس حقائق نامہ میں آپ کے سوالات کے جوابات موجود ہیں۔

آپ ہفتے کے 7 دن، صبح 8 سے شام 8 بجے تک **0808 808 00 00** پر میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) کو بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی مادری زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کریں، تو ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کس زبان میں بات کرنی ہے (بولیں "اردو")۔

کینسر کے بارے میں آپ کی زبان میں مزید معلومات **macmillan.org.uk/translations** پر دستیاب ہیں

## ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں مدد

- اگر آپ کی آمدنی کم ہے، تو آپ اپنے علاج کے لئے ہسپتال جانے کے اخراجات میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو بس، ٹرین یا ٹیکسی کے کرایے کی اپنی رقم واپس مل سکتی ہے۔ یا آپ کو اپنے پیٹرول کے کچھ اخراجات میں مدد کے لیے رقم مل سکتی ہے۔ کینسر کے حامل افراد کو زیادہ تر ہسپتالوں میں مفت پارکنگ ملے گی۔ مزید معلومات کے لیے ہسپتال کے عملے سے بات کریں۔

- کچھ معمر اور معذور افراد کے لئے بس، کوچ اور ٹرین کے ٹکٹ میں خصوصی رعایت موجود ہے۔ مزید معلومات کے لیے **gov.uk** یا **nidirect.gov.uk** ملاحظہ کریں

اگر آپ کو حرکت کرنے میں مسائل کا سامنا ہے، تو ہو سکتا ہے آپ کو ایک بلو بیج مل جائے۔ اس سے آپ کو پارکنگ لاٹ میں ایسی جگہ پر پارک کرنے کی اجازت ملتی ہے، جو آپ کی منزل کے قریب ترین ہے، مثلاً ہسپتال یا سپر مارکیٹ۔ مزید جاننے کے لیے، **gov.uk** یا **nidirect.gov.uk** ملاحظہ کریں

## نسخہ جات اور صحت کے دیگر اخراجات میں مدد

- سکاٹ لینڈ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ میں ڈاکٹری نسخہ جات ہر شخص کے لیے مفت ہیں۔ انگلینڈ میں، کینسر یا اس کے اثرات سے متعلق کسی بھی شے کے لیے نسخہ جات مفت ہیں۔ آپ کو ایک فارم بھرنے کی ضرورت ہو گی، جسے آپ اپنی جی پی سرجری سے حاصل کر سکتے ہیں۔

- سکاٹ لینڈ، ویلز اور شمالی آئر لینڈ میں، وِگ اور کپڑے کی معاونتیں NHS پر مفت ہیں۔ انگلینڈ میں، یہ معاونتیں کچھ لوگوں کے لئے مفت ہیں، جن میں 16 سال سے کم عمر کے بچے اور کم آمدنی والے افراد شامل ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنی کینسر نرس یا ڈاکٹر سے بات کریں۔

- NHS کم آمدنی اسکیم، کم آمدنی کے حامل لوگوں کی صحت کے اخراجات میں مدد کرتی ہے۔ اس میں دانتوں کا علاج، نظر کے ٹیسٹ اور علاج حاصل کرنے کے لئے سفر میں مالی امداد شامل ہے۔ یہ NHS یا شمالی آئر لینڈ میں ہیلتھ سروس کی طرف سے چلایا جاتا ہے۔

## والدین کے لیے اسپورٹ

- بچوں کی نگہداشت کے اخراجات کی مد میں آپ کو حکومت سے کچھ مدد مِل سکتی ہے۔ اس میں بچوں کی کچھ مفت نگہداشت یا نگہداشت کی ادائیگی کے لیے کچھ رقم شامل ہو سکتی ہے۔ آپ **childcarechoices.gov.uk** پر دستیاب معاونتوں کی مختلف اقسام کے بارے میں جان سکتے ہیں اور کسی چیریٹی یا لوکل کونسل سے بھی بچوں کی نگہداشت کے اخراجات کی مد میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ کا بچہ اسکول جاتا ہے، تو ممکن ہے وہ اسکول کا کھانا مفت بھی حاصل کر سکے۔ اگر آپ کی آمدن کم ہے، تو آپ اسکول کے کپڑوں کی خریداری اور اسکول تک آنے جانے کے سفری اخراجات میں بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنی مقامی کونسل سے پوچھیں۔

## گرانٹ اور قرضے

- **میک ملن (Macmillan) گرانٹس**ایسے لوگوں کے لئے ایک مرتبہ، چھوٹی ادائیگیاں ہیں جو کینسر کی وجہ سے اضافی اخراجات میں مدد کے لیے ہو سکتی ہیں۔ یہ اضافی کپڑے یا ہیٹنگ کے بل ادا کرنے میں مددگار ہو سکتی ہیں۔ میک ملن (Macmillan) کی گرانٹ کم آمدن یا بچت والے لوگوں کے لیے ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ:

    - اگر آپ اکیلے ہیں تو آپ کے پاس 6,000£ سے کم کی بچت ہے، یا اگر آپ ایک جوڑا یا خاندان ہیں تو 8,000£ سے کم ہے۔

    - کرایہ، مارگیج اور کونسل ٹیکس ادا کرنے کے بعد آپ کی کل آمدن کم ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک اکیلے شخص کی 323£ یا ایک جوڑے یا دو افراد پر مشتمل گھرانے کی 442£ ہفتہ وار آمدن۔

- آپ دیگر تنظیموں سے بھی گرانٹ یا قرض حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، چیریٹیز یا آپ کی مقامی کونسل شاید آپ کی مدد کر سکیں۔

## میک ملن (Macmillan) آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے

میک ملن (Macmillan) آپ اور آپ کے خاندان کی مدد کے لیے حاضر ہے۔ آپ درج ذیل سے مدد حاصل کر سکتے/سکتی ہیں:

- **میک ملن (Macmillan) اسپورٹ لائن۔** ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں، لہٰذا آپ ہمارے ساتھ اپنی زبان میں بات کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے/چاہتی ہیں، ہمیں صرف انگریزی میں اس کا نام بتائیں۔ ہم آپ کے طبی سوالات کے جوابات دے سکتے ہیں، معاشی معاونت کے متعلق معلومات فراہم کر سکتے ہیں، یا آپ کے احساسات کے متعلق بھی آپ سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ صرف **0808 808 00 00** پر کال کریں (ہفتے میں 7 دن، صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک)۔

- **میک ملن (Macmillan) کی ویب سائٹ۔** کینسر اور کینسر کے ساتھ زندہ رہنے کے متعلق انگریزی زبان میں کافی معلومات حاصل کرنے کے لیے **macmillan.org.uk** ملاحظہ کریں۔ اس کے بارے میں دیگر زبانوں میں مزید معلومات **macmillan.org.uk/translations پر موجود ہیں**

- **معلومات اور معاونت کی خدمات۔** کسی معلوماتی اور معاونت کی خدمت پر، آپ کسی کینسر اسپورٹ اسپیشلسٹ سے بات کر سکتے/سکتی ہیں اور تحریری معلومات حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔ اپنا قریب ترین مرکز **macmillan.org.uk/informationcentres** پر تلاش کریں یا ہمیں کال کریں۔ آپ کے ہسپتال میں بھی مرکز موجود ہو سکتا ہے۔

- **مقامی معاونتی گروپس۔** معاونت کے کسی گروپ میں آپ کینسر سے متاثرہ دیگر افراد سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ اپنے ارد گرد **macmillan.org.uk/supportgroups** پر جا کر کوئی گروپ تلاش کریں یا ہمیں کال کریں۔

- **میک ملن (Macmillan) آن لائن کمیونٹی** – آپ کینسر سے متاثرہ دیگر لوگوں سے **macmillan.org.uk/community** پر آن لائن بھی بات کر سکتے/سکتی ہیں

## آپ کی زبان میں مزید معلومات

ہمارے پاس درج ذیل موضوعات کے متعلق آپ کی زبان میں معلومات موجود ہیں:

| کینسر کی اقسام | کینسر کا مقابلہ کرنا |
|---|---|
| • چھاتی کا کینسر<br>• بڑی آنت کا کینسر<br>• پھیپھڑوں کا کینسر<br>• پراسٹیٹ کینسر<br>**علاج**<br>• کیمو تھراپی<br>• ریڈیو تھراپی<br>• سرجری | • اگر آپ میں کینسر کی تشخیص ہو جائے – فوری رہنماء کتابچہ<br>• کینسر اور کورونا وائرس<br>• اگر آپ کو کینسر ہے تو فوائد کے لیے دعویٰ کرنا<br>• کھانے پینے کے مسائل اور کینسر<br>• زندگی کا اختتام<br>• صحت بخش غذاء<br>• کینسر کے علاج کے مضر اثرات<br>• تھکاوٹ (تھکن) اور کینسر<br>• آپ اپنی مدد کرنے کے لیے خود کیا کر سکتے ہیں |

یہ معلومات ملاحظہ کرنے کے لیے، درج ذیل پر جائیں **macmillan.org.uk/translations**

## حوالہ جات اور تشکرات

یہ معلومات میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) کی کینسر انفارمیشن ڈویلپمنٹ ٹیم کی جانب سے تحریر اور مرتب کی گئی ہیں۔ اس کا آپ کی زبان میں ترجمہ ایک ترجمہ کرنے والی کمپنی نے کیا ہے۔

یہ شامل کردہ معلومات میک ملن (Macmillan) کتابچے ہیلپ ود دی کاسٹ آف کینسر کی بنیاد پر ہیں۔ ہم آپ کو ان کی نقل بھیج سکتے ہیں، مگر مکمل کتابچہ صرف انگریزی میں دستیاب ہے۔

ان معلومات کا متعلقہ ماہرین نے جائزہ لیا ہے اور میک ملن (Macmillan) ویلفیئر رائٹس اینڈ انرجی ایڈوائس ٹیم کے سروس مینیجر، شان کونروئے (Sean Conroy) نے ان کی منظوری دی ہے۔

کینسر سے متاثرہ ان لوگوں کا بھی شکریہ جنہوں نے ان معلومات پر نظر ثانی کی۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین شواہد کی بنیاد پر ہیں۔ ہمارے استعمال کیے گئے ذرائع کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ہم سے **bookletfeedback@macmillan.org.uk** پر رابطہ کریں

| |
|---|
| مواد پر نظرثانی: 2021<br><br>اگلی منصوبہ بند نظر ثانی: 2024 |

ہم یہ یقینی بنانے کے لیے بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ ہماری فراہم کردہ معلومات درست ہوں مگر تسلسل کے ساتھ تبدیل ہونے والی طبی تحقیق کی تازہ ترین صورت حال کے پیش نظر ان معلومات پر انحصار نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کو اپنی صحت کے حوالے سے کوئی خدشہ ہے، تو آپ کو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ ان معلومات کی غیر درستگی یا فریق ثالث کی معلومات مثلاً ان ویب سائٹوں پر موجود معلومات، جن کے ساتھ ہم مربوط ہیں، کی غیر درستگی کی بناء پر ہونے والے کسی طرح کے نقصان کے لیے میک ملن (Macmillan) کوئی ذمہ داری قبول نہیں کر سکتی۔

© میک ملن کینسر اسپورٹ (Macmillan Cancer Support) 2021۔ انگلینڈ اور ویلز (261017)،
سکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین (604) میں رجسٹر شدہ چیریٹی۔ رجسٹر شدہ دفتر 89 Albert Embankment,
London SE1 7UQ۔

MAC17423_Urdu

Trusted Information Creator

Patient Information Forum

MACMILLAN CANCER SUPPORT

Help with costs when you have cancer: English

# Help with costs when you have cancer

This information is about help with costs if you have cancer. It covers:

- Help with transport costs
- Help with prescriptions and other health costs
- Support for parents
- Grants and loans
- How Macmillan can help you
- More information in your language
- References and thanks

We hope this fact sheet answers your questions.

You can also call Macmillan Cancer Support on **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need (say "Urdu").

There is more cancer information in your language at **macmillan.org.uk/translations**

## Help with transport costs

- If you are on a low income, you may be able to get help with the cost of travelling to hospital for your treatment. You could get a refund on your bus, train or taxi fares. Or you could get money to help with some of your petrol costs. People with cancer will get free parking at most hospitals. Speak to the staff at the hospital for more information.

- There are special rates for bus, coach and train tickets for some older people and people with disabilities. For more information visit **gov.uk** or **nidirect.gov.uk**

If you have problems moving around, you may be able to get a Blue Badge. This allows you to park in parking spaces that are closer to where you need to go, such as hospitals or supermarkets. To find out more, visit **gov.uk** or **nidirect.gov.uk**

## Help with prescriptions and other health costs

- In Scotland, Wales and Northern Ireland, prescriptions are free for everyone. In England, prescriptions are free for anything related to cancer or its effects. You will need to fill in a form, which you can get from your GP surgery.

- In Scotland, Wales and Northern Ireland, wigs and fabric supports are free on the NHS. In England, they are free for some people, including children under the age of 16 and people on a low income. Speak to your cancer nurse or doctor for more information.

- The NHS Low Income Scheme helps people on a low income to pay for health costs. This includes help with dental treatment, sight tests and travel to receive treatment. It is run by the NHS, or the Health Service in Northern Ireland.

## Support for parents

- You might be able to get some help from the government towards childcare costs. This might include some free childcare, or some money to help pay for childcare. You can find out about the different types of support available at **childcarechoices.gov.uk** You might also be able to get help with childcare costs from a charity or your local council.

- If you have a child at school, they might be able to get free school meals. If you have a low income, you might also be able to get help with paying for school clothing, and travel to and from school. Ask your local council for more information.

## Grants and loans

- **Macmillan Grants** are small, one-off payments for people who need help with the extra costs that cancer can cause. This might be extra clothing or help to pay heating bills. Macmillan Grants are for people who have a low level of income and savings. This means:

    - You have less than £6,000 in savings if you are single, or less than £8,000 as a couple or family.

    - You have a low total income after you have paid rent, mortgage and council tax. This means a weekly income of £323 for a single person or £442 for a couple or household of two people.

- You may also be able to get grants or loans from other organisations. For example, charities or your local council might be able to help.

## How Macmillan can help you

Macmillan is here to help you and your family. You can get support from:

- **The Macmillan Support Line**. We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use. We can answer medical questions, give you information about financial support, or talk to you about your feelings. Just call **0808 808 00 00** (7 days a week, 8am to 8pm).

- **The Macmillan website**. Visit **macmillan.org.uk** for lots of English information about cancer and living with cancer. There is more information in other languages at **macmillan.org.uk/translations**

- **Information and support services**. At an information and support service, you can talk to a cancer support specialist and get written information. Find your nearest centre at **macmillan.org.uk/informationcentres** or call us. Your hospital might have a centre.

- **Local support groups**. At a support group you can talk to other people affected by cancer. Find a group near you at **macmillan.org.uk/supportgroups** or call us.

- **Macmillan Online Community** – You can also talk to other people affected by cancer online at **macmillan.org.uk/community**

## More information in your language

We have information in your language about these topics:

| Types of cancer | Coping with cancer |
| --- | --- |
| • Breast cancer<br>• Large bowel cancer<br>• Lung cancer<br>• Prostate cancer<br><br>**Treatments**<br><br>• Chemotherapy<br>• Radiotherapy<br>• Surgery | • If you are diagnosed with cancer – A quick guide<br>• Cancer and coronavirus<br>• Claiming benefits when you have cancer<br>• Eating problems and cancer<br>• End of life<br>• Healthy eating<br>• Side effects of cancer treatment<br>• Tiredness (fatigue) and cancer<br>• What you can do to help yourself |

To see this information, go to **macmillan.org.uk/translations**

## References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support’s Cancer Information Development team. It has been translated into your language by a translation company.

The information included is based on the Macmillan booklet Help with the cost of cancer. We can send you a copy, but the full booklet is only available in English.

This information has been reviewed by relevant experts and approved by Sean Conroy, Macmillan Welfare Rights and Energy Advice Team Service Manager.

Thanks also to the people affected by cancer who reviewed this information.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at **bookletfeedback@macmillan.org.uk**

| |
|---|
| Content reviewed: 2021<br><br>Next planned review: 2024 |

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate but it should not be relied upon to reflect the current state of medical research, which is constantly changing. If you are concerned about your health, you should consult your doctor. Macmillan cannot accept liability for any loss or damage resulting from any inaccuracy in this information or third-party information such as information on websites to which we link.

© Macmillan Cancer Support 2021. Registered charity in England and Wales (261017), Scotland (SC039907) and the Isle of Man (604). Registered office 89 Albert Embankment, London SE1 7UQ.

MAC17423_Urdu